نیویارک کے تارکین وطن باشندوں میں ماؤں میں دوران زچگی نگہداشت صحت[1]

حمل سے پہلے، دوران اور بعد میں نگہداشت صحت تک رسائی خواتین[2] کو صحت مند حمل اور بچے کی پیدائش کے تجربات کے ساتھ ساتھ حمل کے بعد اپنی صحت کو برقرار رکھنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔ لیکن Medicaid کے موجودہ قواعد و ضوابط خواتین کی ترک وطن کی حیثیت کے لحاظ سے حمل سے پہلے اور بعد میں ان کے لیے نگہداشت صحت کی دستیابی کو محدود کرتے ہیں۔

امریکہ میں پیدا ہونے والی خواتین کے مقابلے میں، تارکین وطن خواتین میں:

- حمل سے پہلے فیملی ڈاکٹر یا ماہر امراض نسواں (obstetrician/gynecologist,OB/GYN) سے ملنے کا **امکان کم ہوتا ہے**
- حمل سے پہلے یا اس کے دوران دانتوں کی نگہداشت حاصل کرنے کا **امکان کم ہوتا ہے**
- بچے کی پیدائش کے بعد صحت بیمہ سے محروم ہونے کا **امکان زیادہ ہوتا ہے**

تارکین وطن خواتین زچگی کی نگہداشت صحت تک ناقص رسائی کا سامنا بھی کر سکتی ہیں اگر وہ:

- پانچ سال سے کم عرصے سے امریکہ میں ہیں
- وسطی امریکہ، جنوبی امریکہ، سب صحارا افریقہ یا جنوبی ایشیا سے ہجرت کر کے آئی ہیں

آپ اپنے لیے اور اپنی کمیونٹی کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

درج ذیل خدمات اور پروگراموں کے ذریعے حمل سے پہلے، دوران اور بعد میں نگہداشت صحت کی خدمات تک رسائی کے بارے میں مزید جانیں:

- ترک وطن کی حیثیت اور ادائیگی کی استطاعت سے قطع نظر NYC میں نگہداشت صحت حاصل کرنے کے اپنے حق کے بارے میں معلومات کے لیے **nyc.gov** ملاحظہ کریں اور **"Everyone Can Get Health Care Services in NYC" (NYC میں ہر کوئی نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کر سکتا ہے)** تلاش کریں۔
- تارک وطن یا حاملہ نیو یارک کے باشندوں کے لیے صحت بیمہ کے آپشنز کے بارے میں جاننے کے لیے **nyc.gov/ochia** ملاحظہ کریں اور **"immigrants" (تارکین وطن)** یا **"pregnant" (حاملہ)** تلاش کریں۔
- صحت بیمہ میں اندراج کے لیے مدد کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"health insurance enrollment support" (صحت بیمہ میں اندراج میں معاونت)** تلاش کریں۔
- **پیدائش کے وقت باعزت نگہداشت کے لیے NYC کے معیارات (NYC Standards for Respectful Care at Birth)** کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"respectful care at birth" (پیدائش کے وقت باعزت نگہداشت)** تلاش کریں۔
- حال ہی میں آنے والے تارکین وطن یا پناہ گزین کے لیے خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے **nyc.gov** ملاحظہ کریں اور **"Services for Recently Arrived Immigrants" (حال ہی میں آنے والے تارکین وطن کے لیے خدمات)** تلاش کریں۔
- ترک وطن کے حوالے سے مفت، محفوظ قانونی معاونت کے لیے **nyc.gov** ملاحظہ کریں اور **"actionNYC"** تلاش کریں یا 0365-354-800 پر کال کریں۔
- ان پالیسیوں کے فروغ کے لیے آواز اٹھانے کے بارے میں مزید جانیں جو آپ کی کمیونٹی کو متاثر کر سکتی ہیں اور صحت کے ان نتائج کو بہتر بنا سکتی ہیں، **everymothercounts.org/advocacytoolkit** ملاحظہ کریں۔
- نیو یارک سٹی کا ہیلتھ ڈیٹا (Health Data for New York City) کے پراجیکٹس کے بارے میں معلومات کے لیے **nyam.org/hd4nyc/our-work** ملاحظہ کریں۔

---

[1] یہ فلائر درج ذیل نیو یارک سٹی کا ہیلتھ ڈیٹا ریسرچ پروجیکٹ سے لیے گئے نتائج پیش کرتا ہے، جو حمل کے حوالے سے خطرے کی تشخیص کی نگرانی کا نظام (Pregnancy Risk Assessment Monitoring System, NYC PRAMS) 2016–2018 سے لیا گیا ڈیٹا استعمال کرتا ہے۔: Maru S, Glenn L, Belfon K, et al Utilization of maternal health care among immigrant mothers in New York City (نیویارک سٹی میں تارکین وطن ماؤں میں دوران زچگی کی نگہداشت صحت کا استعمال)، 2016-2018۔ *J Urban Heal*۔ 2021. https://doi.org/10.1007/s11524-021-00584-5

[2] سروے کے شرکاء سے ان کی صنفی شناخت کے بارے میں نہیں پوچھا گیا؛ اس پابندی کی وجہ سے، "عورت" اور "زچگی" کی اصطلاحات میں حاملہ ہونے کے قابل کوئی بھی شخص شامل ہے۔

NYC Health